Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۷ جمادی الاول ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۷ جولائی ۱۹۳۷ء جلد ۱۹

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(۱)	منظوری رخصت عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر	۲
(۲)	منظوری رخصت عالیمرتبت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر۔	”
(۳)	” چیف مجسٹریٹ صاحب۔	”

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۱۴ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرضداشت عالی مرتبت جناب صاحب آرمی منسٹر بہادر دربارۂ صدور حکم منسوخی بقیہ رخصت اکیس یوم از ۱۱ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء منجملہ رخصت منظور شدہ بحکم اجلاس ہمایوں رقمزدہ ۱۴ راپریل سنہ ۱۹۳۲ء

حکم

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی بقیہ رخصت اکیس یوم منسوخ کیجانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم (مسوری) واقع ۱۴ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارۂ صدور حکم منظوری رخصت رعایتی دو ہفتہ یوم استفادہ عالی مرتبت صاحب ایڈوکیٹ بہادر بغرض روانگی باہر و انجام دہی کار متعلقہ بہ اسسٹنٹ ایڈوکیٹ

حکم

عالی مرتبت صاحب ایڈوکیٹ بہادر کی رخصت رعایتی دو ہفتہ یوم استفادہ سے منظور ہے۔ زمانہ رخصت میں اسسٹنٹ ایڈوکیٹ کار متعلقہ انجام دینگے کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بشنائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۶ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر

حکم:- (مسوری) واقع ۱۴ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارۂ صدور حکم منظوری رخصت رعایتی ۱۳ یوم۔ عارضانیہ ۲۹ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء باجازت استفادہ تعطیل یوم جمعہ۔ صاحب چیف مجسٹریٹ بنابر روانگی وطن خود بغرض درستی و نگرانی کام و زمانہ رخصت بمنزل اسلم خان صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ علاوہ کار متعلقہ

حکم

بموجب رپورٹ چودھری شرف الزمان صاحب چیف مجسٹریٹ کی رخصت رعایتی تیرہ یوم ۱۷ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء سے منظور ہے۔ تعطیل جمعہ سے استفادہ کی اجازت دیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں اسسٹنٹ مجسٹریٹ اپنے کام کے علاوہ چیف مجسٹریٹی کا کام بھی انجام دینگے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بشنائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو

۱۲ رجولائی سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر